12 اکتوبر 2015ء

مالی سال 16ء کے ابتدائی تین مہینوں میں کارکنوں کی ترسیلات زر4 فیصد اضافے کے ساتھ 5 ارب ڈالر ہوگئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال 16ء کے ابتدائی تین مہینوں (جولائی تا ستمبر) کے دوران 4966.54 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جس سے گذشتہ برس کی اسی مدت کے دوران موصول ہونے والے 4775.12 ملین امریکی ڈالر کی نسبت 4.01 فیصد نمو ظاہر ہوتی ہے۔

ستمبر 2015ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1775.87 ملین ڈالر تھی جو کہ اگست 2015ء کے مقابلے میں 16.3 فیصد زائد، اور ستمبر 2014ء کے مقابلے میں 1.57 فیصد زائد ہے۔ بلحاظ ملک ستمبر 2015ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 483.21 ملین ڈالر، 428.13 ملین ڈالر، 260.97 ملین ڈالر، 233.27 ملین ڈالر، 201.34 ملین ڈالر، اور 33.3 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ ستمبر 2014ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 495.63 ملین ڈالر، 396.28 ملین ڈالر، 252.07 ملین ڈالر، 226.72 ملین ڈالر، 216.84 ملین ڈالر، اور 34.45 ملین ڈالر تھیں۔ ستمبر 2015ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 135.65 ملین ڈالر رہیں جبکہ ستمبر 2014ء میں ان ملکوں سے موصولہ رقم 126.50 ملین ڈالر تھی۔

☆☆☆